نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ستمبر کاشتہ کماد بارے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:**29 ستمبر 2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کماد کے کاشتکار 15 اکتوبر تک کاشت مکمل کر لیں۔ستمبر کاشتہ کماد کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام میں اگیتی پکنے والی اقسام سی پی 400-77،سی پی ایف 237،سی پی ایف 250،سی پی ایف 251 اور وائی ٹی ایف جی-236 ہیں جبکہ درمیانی پکنے والی اقسام میں ایچ ایس ایف 240،ایس پی ایف 242،ایس پی ایف 234 ،ایس پی ایف 213،سی پی ایف 246،سی پی ایف 247،سی پی ایف 248،سی پی ایف 249،سی پی ایف 253،سی پی ایس جی 2525 اور ایس ایل ایس جی 1283 ہیں۔اس کے علاوہ کماد کی پچھیتی پکنے والی قسم سی پی ایف 252 بھی شامل ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کماد کے کاشتکار اپنی علاقائی اعتبار سے موزوں شدہ اقسام بارے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین سے مشورہ کر کے جلد از جلد کاشت مکمل کر لیں۔

☆☆☆☆